سبق 5


# نئی زندگی
# نئی سرگرمیاں

جب ہم بچے تھے ہم بچوں جیسے کام کیا کرتے تھے۔ہم کھیلتے اور اپنے اردگرد کی باتوں کو دریافت کرتے تھے۔ہم بھاگنا، کودنا اور چلنا پسند کرتے تھے۔ ہماری ذمہ داریاں تھوڑی تھیں کیونکہ ہمارے والدین ہماری دیکھ بھال کرتے تھے۔

لیکن جب ہم بالغ ہوئے تو ہماری ذمہ داریاں بدل گئیں۔ہم نے اپنی دیکھ بھال خود کرنا شروع کر دی۔ ہم نے اپنے خاندان بنائے، اور انکی ضروریات پوری کرنا شروع کیں۔ جو کچھ ہم اپنے فارغ وقت میں کیا کرتے تھے وہ بھی بدل گیا۔ جوں جوں ہماری دلچسپیاں اور مہارت میں ترقی ہوئی اسی طرح ہماری سرگرمیوں میں بھی ترقی ہوئی۔

ایسی ہی تبدیلی اس وقت آپ کی زندگی میں وقوع پذیر ہو رہی ہے۔آپ کی روحانی زندگی فروغ پا رہی ہے۔ جوں جوں آپ المسیح میں ترقی کرتے ہیں نئی دلچسپیاں پرانی دلچسپیوں کی جگہ لے لیتی ہیں۔ ان میں وہ نئی ذمہ داریاں بھی شامل ہیں جو آپکے لئے مختلف قسم کے نئے انعامات اور اطمینان لے کر آئیں گی۔اس سبق میں ہم ان خاص تبدیلیوں اور کاموں پر نظر دوڑائیں گے۔آپکو معلوم ہوگا کہ دیگر لوگ بھی آپ کی دلچسپیوں

میں شریک ہیں۔



اس سبق میں آپ مطالعہ کریں گے.....

نئی دلچسپیاں۔

نئی سرگرمیاں۔

نئی گواہی۔

نئی شراکت۔

**یہ سبق آپکی مدد کریگا کہ آپ.....**

☆ اُن نئی سرگرمیوں کو دریافت کرسکیں جو آپ کی نئی دلچسپیوں سے موافقت رکھتی ہیں۔

☆ ایسے لوگوں سے وابستہ ہوسکیں جن کی دلچسپیاں بھی وہی ہیں جو آپکی ہیں۔

☆ اپنے ایمان کی گواہی اپنے پڑوسیوں اور دوستوں کو دے سکیں۔

☆ایسی ذمہ داریوں کو قبول کریں جو آپکو نئے قسم کے انعامات دلائیں گی۔

## نئی دلچسپیاں

**مقصد نمبر 1** نئی دلچسپیوں کی نشاندہی کرنا۔

### آپ کس طرح اپنا وقت صرف کرتے ہیں؟

ظاہر ہے کہ آپکو ہر روز کام کرنے، کھانے پینے اور سونے میں مخصوص وقت صرف کرنے کی ضرورت ہے۔ لیکن آپ اپنا بقیہ وقت کس طرح صرف کرتے ہیں؟ جو کچھ کوئی شخص اپنے فارغ وقت میں کرتا ہے اسکا انحصار اس بات پر ہے کہ وہ اور اسکا خاندان کس بات میں سب سے زیادہ دلچسپی رکھتا ہے۔ بعض لوگ سارا وقت کام کرتے رہتے ہیں اور بعض کھیلتے ہیں۔ بعض لوگ کلیسیائی عبادات میں جاتے ہیں اور بعض کے پاس اسکے لئے ''وقت نہیں ہوتا'' شاید آپ کے پاس ان سب باتوں کیلئے وقت نہیں جو آپ کرنا چاہتے ہیں لیکن کسی نہ کسی طرح آپ ان باتوں کیلئے وقت نکال لیتے ہیں جن میں آپ سب سے زیادہ دلچسپی رکھتے ہیں۔

### مشق

1 جو کچھ لوگ اپنے فارغ وقت میں کرتے ہیں اسکا انحصار اکثر اس بات پر ہوتا ہے کہ

الف: انکے پاس کتنا وقت ہے۔

ب: ان کی بنیادی دلچسپیاں کیا ہیں؟

ج: دوسروں کے متعلق ان کی رائے کیا ہے؟

## جب آپکی دلچسپیاں تبدیل ہوتی ہیں

اب آپ وہی کھیل کھیلنا پسند نہیں کرتے جو آپ بچپن میں کھیلا کرتے تھے۔ کیونکہ اب آپ اُن باتوں میں مصروف ہیں جن میں آپ زیادہ دلچسپی رکھتے ہیں۔ جب آپ کی دلچسپیاں بدلتی ہیں اسی وقت آپکی سرگرمیاں بھی تبدیل ہو جاتی ہیں۔

شاید آپکے پرانے دوست حیران ہوتے ہوں کہ اب آپ انکے ساتھ ایسی باتوں میں تفریح کا وقت صرف نہیں کرتے جو آپکی صحت اور روح کو نقصان پہنچا سکتی ہیں وہ اس بات کو نہیں سمجھ سکتے کہ آپ گہری خوشی کی زندگی میں داخل ہو چکے ہیں جو قابلِ قدر اور اطمینان بخش سرگرمیوں سے بھرپور ہے۔

کیا آپکو اُن باتوں کی جانب واپس لوٹ جانا چاہیے جو آپکو معلوم ہے کہ مطمن نہیں کر سکتیں؟ کوئی شخص گندگی کے ڈھیر سے روٹی کے ٹکڑے اٹھا کر کھایا کرتا تھا اور پھر کسی نے اُسے کسی امیر شخص کی میز پر کھانا کھانے کی دعوت دی اس سے پوچھیں کہ کیا وہ دوبارہ گندگی کے ڈھیر پر لوٹ کر جائے گا۔



مشق

**2** کسی نئی دلچسپی کے بارے میں بتائیں جو یسوعؔ کے منجی قبول کرنے کے دن سے آپ نے اپنائی ہے؟

..........................................................................................

**3** کسی ایسے مشکل کام کے بارے میں بتائیں جو یسوعؔ کو قبول کرنے سے قبل آپ نہیں کرتے تھے؟

.....................................................................

## ایک مختلف مقصد

خدا کے فرزند کی حیثیت سے آپکی دلچسپیاں نئی ہیں۔ ان کے ذریعہ آپ جماعتی سرگرمیوں اور شخصی ذمہ داریوں میں شریک ہونگے۔ آپ اب بھی وہی کام کریں گے جو آپ پہلے کیا کرتے تھے یعنی کام کرنا، کھانا، سونا اور اپنے گھریلو فرائض سرانجام دینا لیکن اصل میں آپکی زندگی نئی دلچسپیوں کے گرد گھومے گی۔

سب سے بڑھ کر یہ کہ جب آپ کسی شخص سے محبت رکھتے ہیں تو آپ اُس کے ساتھ رہنا اور اُسے خوش کرنا چاہتے ہیں۔ اب جبکہ آپ خدا سے محبت رکھتے ہیں آپ اس کے ساتھ وقت گذارنا چاہتے ہیں اور سب کاموں میں اُسے خوش کرنا چاہتے ہیں۔

### مشق

**4** خدا کے فرزند کی حیثیت سے آپکا مختلف مقصد کیا ہے؟

الف: زیادہ روپیہ کمانے کی کوشش کرنا۔

ب: اپنے آپ میں اور زندگی کی اچھی چیزوں میں لطف اندوز ہونا۔

ج: اپنے آسمانی باپ کے ساتھ وقت گذارنا۔

ہم اپنے آسمانی باپ کی بادشاہی اور زمین پر جو کچھ وہ کرتا ہے اُس میں بڑی دلچسپی رکھتے ہیں۔ وہ اب بھی کام میں مصروف ہے اور لوگوں کو یسوع کی خوشخبری کے ذریعہ اپنے پاس لاتا ہے۔ وہ اپنی کلیسیا بنا رہا ہے اور اس نے ہمیں اپنے ساتھ مل کر کام کرنے کیلئے بلایا ہے۔ یہ کیسا اعزاز ہے!

### مشق

5 جو کچھ خدا آج دنیا میں کر رہا ہے اس میں ہمارا حصہ ہے؟

الف: دوسروں کو نجات کی راہ بتانے کے ذریعہ

ب: جو لوگ مسیحی نہیں ہیں ان پر حکومت کرنے سے۔

ج: مذہبی رسومات کی ادائیگی کے ذریعہ۔

## نئی سرگرمیاں

**مقصد نمبر 2 ایسی سرگرمیوں کا بیان کرنا جو آپکی نئی دلچسپیوں سے موافقت رکھتیں ہیں۔**

خدا کی بادشاہی میں آپکی نئی دلچسپیاں آپکو مصروف اور خوش رکھیں گی۔ ذیل میں چند سرگرمیاں پیش کی گئی ہیں جو آپکی زندگی کو نیا مقصد اور معنی دیں گی۔

### کلیسیائی حاضری

ہر مسیحی کیلئے خدا کا منصوبہ یہ ہے کہ وہ کسی مقامی کلیسیا کا رکن بنے اس منصوبے کے تحت وہ مسیحی جو ایک دوسرے کے قریب ہیں باقاعدہ طور پر خدا کی عبادت کیلئے جمع ہوتے ہیں تا کہ ایک دوسرے کی حوصلہ افزائی کر سکیں، کتاب مقدس کا مطالعہ کر سکیں، اور اپنے

ایمان کی گواہی ایسے لوگوں کو دے سکیں جنہیں یسوعؔ المسیح کے بارے میں جاننے کی ضرورت ہے۔اس طرح وہ ایک دوسرے کی مدد کرتے ہیں تا کہ وہ اس کام کو کر سکیں جو خدا نے ان کے سپرد کیا ہے۔

یہ عبادات کسی کے گھر میں یا خدا کیلئے مخصوص کردہ جگہ میں کی جاسکتی ہیں۔آپکو ان عبادات میں جس قدر زیادہ ممکن ہو آنا چاہیے اور اپنے دوستوں کو ساتھ لائیں تا کہ وہ انجیل کی منادی سُن سکیں۔ جب آپ ان عبادات میں آئیں گے تو المسیح میں اپنے بہن بھائیوں کی رفاقت سے اور سب سے بڑھ کر خداوند کی حضوری سے لُطف اندوز ہونگے۔

جس قدر جلد ممکن ہو آپ کو کسی ایسی کلیسیا کا رکن بننا چاہیے جو خدا کی خدمت کرتی ہے اور انجیل کی منادی کرتی ہے۔اس کے پروگراموں میں حصہ لیں اور اس کے فوائد اور برکات سے لطف اندوز ہوں۔یہ اسباق ایک اچھا رکن بننے میں آپکی مدد کریں گے۔

## مشق

6 مزکورہ بالا پیراگراف میں چار سرگرمیاں بیان کی گئی ہیں جن میں مسیحی مل کر شریک ہو سکتے ہیں۔مندرجہ ذیل فہرست میں ان میں سے ایک موجود نہیں ہے۔دی گئی جگہ میں یہ سرگرمی لکھیں۔

الف: بائبل مقدس میں سے پیغامات سننا۔

ب: خدا کی تعریف کرنا اور اسکی شکر گزاری کرنا۔

ج: ایمان کے بارے میں گواہی دینا۔

د: ..............................................

اگر کسی روز پاسڑ یا کوئی دوسرا مسیحی اپنی کسی بات سے آپکو غیر ارادی طور پر ٹھوکر کھلاتا ہے تو آپ کیا کریں گے؟ جب کسی خاندان میں کوئی بچہ کسی دوسرے کے جذبات کو ٹھیس پہنچاتا ہے تو بچے اپنا گھر چھوڑ کر چلے نہیں جاتے۔ لیکن جب یہی کچھ کلیسیا میں ہوتا ہے تو مسیحی کہتے ہیں" اس نے مجھے ٹھوکر کھلائی ہے۔ اب میں دوبارہ کلیسیا میں نہیں آؤنگا۔ میں اپنے گھر ہی پر خدا کی عبادت کرلونگا"۔ ہوشیار رہیں! کسی مسیحی کو کمزور کرنے اور اسے خداوند سے جدا کرنے کیلئے یہ ابلیس کا پسندیدہ طریقہ ہے۔

یاد رکھیں کہ آپکا باپ یہ توقع کرتا ہے کہ اسکے فرزند اُسکے گھر میں رفاقت رکھیں۔ ممکن ہے کہ کلیسیائی عمارت خستہ حال ہو اور شاید آپ ہر کام کے طریقے سے اتفاق نہ کریں لیکن ضروری ہے کہ آپ اپنے باپ کی میز پر اپنی روح کے لئے خوراک حاصل کرنے کیلئے المسیح میں اپنے بہن بھائیوں سے ملیں۔

"اور ایک دوسرے کے ساتھ جمع ہونے سے باز نہ آئیں جیسا بعض لوگوں کا دستور ہے بلکہ ایک دوسرے کو نصیحت کریں"۔ ( عبرانیوں ۱۰:۲۵ )



## مشق

**7** اگر آپکا پاسڑ کوئی ایسی بات کہتا ہے جس سے آپکو ٹھوکر لگتی ہے تو آپکو چاہیے کہ آپ

الف: کلیسیا میں جانا چھوڑ دیں اور کوئی دوسری کلیسیا تلاش کرلیں۔

ب: دوسروں کو بتائیں کہ وہ ایک اچھا پاسڑ نہیں ہے۔

ج: اسے معاف کریں اور کلیسیا جانا جاری رکھیں۔

8 جو شخص کہتا ہے "مجھے دوسرے مسیحیوں سے ملنے کی ضرورت نہیں اسے بائبل مقدس کے کونسے حوالے میں دی گئی ہدایات یاد دلانی چاہییں؟

..............................................................................

## بائبل مقدس پڑھنا

ہم پہلے بھی ہر روز بائبل مقدس پڑھنے کی اہمیت کا ذکر کر چکے ہیں۔ کیا آپ خاندان کے دوسرے لوگوں کو ہر روز بائبل پڑھنے اور دُعا کرنے میں شامل کر سکتے ہیں، ہم اسے خاندانی مذبح یا خاندانی عبادات کہتے ہیں۔ ہر روز خاندانی عبادات کرنا آپکے گھر کیلئے حقیقی برکت کا باعث ہوگا۔ خدا کے کلام کی سچائی سارا دن آپ کی رہنمائی کریگی اور قوت دے گی۔ جب آپ ملتے ہیں آپ خاندان کے ہر فرد کی ضروریات کیلئے دعا کر سکتے ہیں۔

## مشق

9 شاید آپکو خاندانی عبادات شروع کرنے کی ضرورت ہے۔ ہر اس جملے کے نیچے لکیر کھینچیں جو بیان کرتا ہے کہ آپ کیا کریں گے؟

الف: ہر روز گھر پر ملیں گے۔

ب: اپنی ضروریات ایک دوسرے کو بتائیں گے اور خدا سے مدد کی درخواست کریں گے۔

ج: صرف بڑے بچوں کو شامل کریں گے۔

د: ہفتے میں ایک مرتبہ کلیسیا میں عبادت کیلئے جائیں گے۔

ہ: ہر شخص کی دعا کیلئے حوصلہ افزائی کریں گے۔

ی: خدا کی نعمتوں کیلئے اس کا شکر ادا کریں گے۔

## دعا: دعا کب کی جائے

دعا ایک مسیحی کیلئے اہم ترین باتوں میں سے ایک ہے۔ جب آپ دعا کرتے ہیں تو خدا جواب دیتا ہے آپ خدا کے ساتھ ملکر کام کر رہے ہیں ۔پس دعا کیلئے وقت نکالیں۔

☆ صبح اٹھتے ہی خدا کے ساتھ اپنے دن کا آغاز کریں۔ وہ آپکو ہر روز کے مسائل کے لئے جسمانی۔ اخلاقی اور روحانی طاقت دیگا۔



☆ کھانے سے پہلے خدا کا شکر ادا کریں۔

☆ صبح یا شام کو خاندانی عبادت کریں۔

☆ عبادات کے دوران اور عبادات شروع ہونے سے قبل دعا کے وقت

سے فائدہ اٹھائیں ۔خدا نے فرمایا ''میرا گھر دُعا کا گھر کہلائے گا''۔

☆کسی بھی وقت اپنا دل خدا کے لئے کھولیں اور اسکی برکات کیلئے اسکا شکرادا کریں یا اسکی مدد طلب کریں ۔جب بھی آپ اس طرح خدا سے باتیں کرتے ہیں آپکو ہمیشہ الفاظ استعمال کرنے کی ضرورت نہیں۔وہ آپکے خیالات کو جانتا ہے۔

☆رات کو سونے سے قبل دن بھر کی حفاظت کے لئے خدا کا شکرادا کریں۔ اگر آپ نے کوئی خطا کی ہو تو اسکے لئے خدا سے معافی مانگیں اور رات بھر کی حفاظت کیلئے اپنا آپ اسکے حوالے کردیں۔

مشق

**10** مذکورہ بالا فہرست دعا میں رہنمائی کیلئے استعمال کریں دعا کے ان تجویز کردہ اوقات کے سامنے نشان لگائیں۔

## دُعا:دُعا کیسے کی جائے

شاید آپ اپنے آپ سے یہ سوال پوچھ رہے ہوں:''لیکن مجھے معلوم نہیں کہ دُعا کیسے کی جائے''۔یہ مشکل نہیں ہے خدا سے ایسے ہی بات کریں جیسے آپ کسی دوست سے بات کرتے ہیں۔روح القدس آپکی مدد کریگا۔

ان سب کاموں کیلئے جو خدا نے آپکے لئے کئے ہیں اور اسکی ساری برکات کے لئے اس کا شکرادا کریں۔اپنے اور اپنے عزیزوں کی ضروریات کیلئے اس سے دُعا

مانگیں۔اپنے دوستوں اور رشتہ داروں کی نجات کیلئے اس سے دُعا مانگیں۔اپنے پاسبان، کلیسیا، المسیح میں اپنے بہن بھائیوں اور ساری دنیا میں خدا کے کام کے لئے دُعا مانگیں۔

نئے ایمانداروں اور انکے مسائل کیلئے دعا مانگیں۔اپنے ملک کے لئے دعا مانگیں۔دُعا کرنا شروع کریں اور جلد ہی آپ دُعا کرنا سیکھ جائیں گے۔

یسوعؔ نے دُعا کا ایک نمونہ دیا ہے جسے آپ یاد کر کے اپنی دُعاؤں میں استعمال کر سکتے ہیں۔

## دُعائے ربانی

اے ہمارے باپ تو جو آسمان پر ہے تیرا نام پاک مانا جائے۔

تیری بادشاہی آئے۔

تیری مرضی جیسی آسمان پر پوری ہوتی ہے زمین پر بھی ہو۔

ہماری روز کی روٹی آج ہمیں دے۔

اور جسطرح ہم نے اپنے قرضداروں کو معاف کیا ہے تو بھی ہمارے قرض ہمیں معاف کر۔

اور ہمیں آزمائش میں نہ لا بلکہ برائی سے بچا۔

( کیونکہ بادشاہی اور قدرت اور جلال ہمیشہ تیرے ہی ہیں۔آمین )

متی ٦:٩۔١٣

## مشق

**11** دُعائے ربانی زبانی یاد کریں۔

# نئی گواہی

**مقصد نمبر 3 یسوع المسیح پر اپنے ایمان کے متعلق دوسروں کو بتانے کا فیصلہ کرنا۔**

## گواہی دینا

اسکا مطلب ہے دوسروں کو بتانا کہ خدا نے آپکے لئے کیا کیا ہے؟ یہ کام آپ گھر میں ،گلی میں،کلیسیائی عبادات میں یا خط و کتابت کے ذریعہ کر سکتے ہیں۔جس طرح دوسروں نے آپکو المسیح کے بارے میں بتایا آپ اپنے دوستوں اور رشتہ داروں کو بتا سکتے ہیں۔انکے لئے دعا کریں کہ خداوند کو قبول کریں اور دوزخ میں نہ جائیں۔

بائبل مقدس زور دیتی ہے کہ ہم سب کے سامنے المسیح پر ایمان کا اقرار کریں اور دوسروں کو بتائیں کہ وہ ہمارا منجی ہے۔المسیح نے فرمایا ''تم میرے گواہ ہوگے''۔اگر آپکو دلیری کی ضرورت ہے تو خدا سے اسکی درخواست کریں اور وہ آپکو دلیری عنایت کریگا۔ ہزاروں لوگ ہیں جو آپکی مانند خوفزدہ تھے لیکن انہوں نے اپنے خوف پر فتح پائی اور المسیح کی گواہی دینے کی بڑی برکت اور نئی قوت حاصل کی ہے۔خداوند یسوعؔ نے فرمایا۔

''پس جو کوئی آدمیوں کے سامنے میرا اقرار کریگا میں بھی اپنے باپ کے سامنے **جو آسمان پر ہے** اسکا اقرار کرونگا''۔ ( متی ۱۰:۳۲ )

''**کیونکہ جو کوئی** اس زناکار اور خطاکار قوم میں مجھ سے اور میری باتوں سے شرمائیگا **ابن آدم** بھی جب اپنے باپ کے جلال میں پاک فرشتوں کے ساتھ آئیگا تو اُس سے شرمائیگا''۔( مرقس ۸:۳۸ )

## مشق

**12** ذیل میں ایسے لوگوں کی فہرست دی گئی ہے جنہیں شاید آپ اکثر ملتے ہیں۔ انکے لئے دعا مانگیں اور خدا سے مدد طلب کریں کہ آپ ان کے درمیان گواہی دے سکیں کہ یسوعؑ نے آپکے لئے کیا کیا ہے؟

الف: آپکا خاندان اور رشتہ دار۔

ب: جن لوگوں کے ساتھ آپ کام کرتے ہیں۔

ج: آپکے دوست۔

د: آپکے پڑوسی۔

و: آپکے علاقے کے دکاندار۔

### خداوند کی حمد وستائش

گانے اور موسیقی کی صلاحیت لوگوں کے لئے خدا کی حیرت انگیز نعمتوں میں سے ایک ہے۔ گھر میں یا کلیسیا میں گیت آپکی اور دوسروں کی مدد کریں گے، حوصلہ افزائی کریں گے اور برکت کا باعث بنیں گے۔ ضروری نہیں کہ گانے کیلئے اچھی آواز ہو۔ اہم بات یہ ہے کہ آپ اپنے پورے دل سے خدا کیلئے گائیں۔

"اپنے دلوں میں فضل کے ساتھ خدا کیلئے مزامیر اور گیت اور روحانی غزلیں گاؤ"۔ (کلسیوں ۳:۱۶)

## مشق

**13** گیت گانے کیلئے سب سے اہم بات کیا ہے؟ کسی بھی شخص کیلئے

الف: اچھی سُریلی آواز کا ہونا۔

ب: دوسروں کے سامنے گانے کے قابل ہونا۔

ج: خدا کے جلال کیلئے دل سے گانا۔

## نئی شراکت

**مقصد نمبر 4 ایسے طریقے کی نشاندہی کرنا جن سے آپ خدا کے ساتھ کام کر سکتے ہیں۔**

### خوشخبری کی منادی

یہ کلیسیا میں ایک انتہائی اہم سرگرمی ہے۔ بعض کو بلایا گیا ہے کہ وہ ہمہ وقت اس کام میں مصروف رہیں۔ خدا نے انہیں پاسٹر، مبشر اور مشنری ہونے کی ذمہ داری سپرد کی ہے۔

### ہدیہ دینا

ہمارا باپ ہر کسی کو فیاضی سے دیتا ہے۔ اسکے فرزندوں کی حیثیت سے لازمی ہے کہ ہم بھی ایسا کرنا سیکھیں۔ یہ ہدیہ جات دینے کی اہم ترین وجہ ہے۔ دوسروں کو دینا یہ ظاہر کرنے کا ایک طریقہ ہے کہ ہم خدا کے ہیں۔ جو روپیہ ہم کلیسیا میں دیتے ہیں اس سے کئی لوگوں کی مدد ہوتی ہے۔ اسکا کچھ حصہ المسیح میں ایسی بہنوں اور بھائیوں کو جاتا ہے جنہیں کپڑوں کی ضرورت ہے۔ اسکا کچھ حصہ پاسٹر کو جاتا ہے تاکہ وہ بطورِ خادم اپنا سارا وقت اس کام میں صرف کر سکے۔ اسکا کچھ حصہ کلیسیا کے عملی اخراجات مثلاً بجلی، پانی اور مرمت میں

صرف ہوتا ہے۔

ہمارا روپیہ بائبلیں ،گیتوں کی کتابیں اور مسیحی کتابیں خریدنے کیلئے بھی استعمال ہوسکتا ہے۔ یہ بشارتی ریڈیو اور ٹی وی پروگراموں میں استعمال ہوسکتا ہے۔ خدا نے اپنے فرزندوں کو یہ اہم کام دیا ہے کہ دوسروں کو نجات کے بارے میں بتائیں۔ اپنا روپیہ دینے سے ہم اس اہم کام میں شریک ہوسکتے ہیں۔

بائبل مقدس میں دہ یکی یا دسواں حصہ دینے کا طریقہ بتایا گیا ہے کئی مسیحی اسے رہنمائی کیلئے استعمال کرتے ہیں وہ اس بات کا اقرار کرتے ہیں کہ جو کچھ ان کے پاس ہے وہ سب خدا کی طرف سے ہے بشمول روپیہ کمانے کی طاقت اس لئے وہ ہر دس دن کے بعد ایک دن کی مزدوری دیتے ہیں جو کچھ وہ دسویں دن کماتے ہیں۔ وہ انجیل کی بشارت میں کلیسیا کیلئے استعمال ہوتا ہے۔ اس روز وہ ''خوشخبری کی بشارت'' کر رہے ہوتے ہیں۔

جو مسیحی فراخ دلی سے دیتے ہیں وہ خدا کے ساتھ مل کر کام کرنے کی خوشی کے حصہ دار بنتے ہیں۔ ساتھ ہی ساتھ انکی ضروریات بھی پوری ہوتی ہیں۔ آپ شخصی طور پر ان باتوں کا تجربہ کر سکتے ہیں۔

یسوع نے فرمایا!

> ''دیا کرو۔ تمھیں بھی دیا جائیگا۔ اچھا پیمانہ داب داب کر اور ہلا ہلا کر اور لبریز کر کے تمہارے پلے میں ڈالینگے کیونکہ جس پیمانہ سے تم ناپتے ہو اسی سے تمہارے لئے ناپا جائیگا''۔ ( لوقا۶:۳۸ )

☆ آپ جو روپیہ دیتے ہیں اس سے تین قسم کی برکات حاصل ہوتی ہیں۔

☆ روحانی برکت۔ آپ ایسے شخص بنتے ہیں جیسا خدا چاہتا ہے کہ آپ بنیں یعنی دوسروں کیلئے سخاوت کرنے والے۔

☆**اطمینان** ۔آپ اس بات سے خوشی حاصل کر سکتے ہیں کہ آپ خدا کے گھرانے کے ایسے قابلِ انحصار رکن ہیں جو بوجھ میں اپنا حصہ اٹھا رہا ہے۔

☆**تحفظ** ۔ خدا نے وعدہ فرمایا ہے کہ وہ آپکی تمام ضروریات پوری کریگا جب آپ اسکی فرمانبرداری کرتے ہیں تو آپ اس پر بھروسہ کر سکتے ہیں کہ وہ آپکی دیکھ بھال کریگا۔ ہزاروں مسیحی اپنے تجربے سے بتا سکتے ہیں کہ خدا نے انہیں کبھی مایوس نہیں کیا۔

''پوری دہ یکی ذخیرہ خانہ میں لاؤ۔۔۔۔۔۔اسی سے میرا امتحان کرو رب الافواج فرماتا ہے کہ میں تم پر آسمان کے دریچوں کو کھولکر برکت برساتا ہوں کہ نہیں یہاں تک کہ تمھارے پاس اسکے لئے جگہ نہ رہے''۔( ملاکی ۳:۱۰ )

''خدا خوشی سے دینے والے کو عزیز رکھتا ہے''۔( ۲۔کرنتھیوں ۹:۷ )

## مشق

**14** ذیل میں دینے کے متعلق چار بیانات دیئے گئے ہیں۔کونسے بیان میں اس بات کی اہم ترین وجہ بتائی گئی ہے کہ مسیحیوں کو کیوں دینا چاہیے؟

الف: خدا فیاض ہے اور ہر شخص کو اچھی چیزوں سے نوازتا ہے۔

ب: جو لوگ دیتے ہیں انکی اپنی ضروریات پوری ہوتی ہیں۔

ج: دہ یکی آپ کی کمائی کا دسواں حصہ خدا کا ہے۔

د: عہد عتیق میں کئی مرتبہ دہ یکی کا ذکر کیا گیا ہے۔

## جس طرح بھی آپ مدد کر سکتے ہیں کریں

جو کام بھی آپ خداوند کے لئے کریں گے وہ ترقی کرنے میں آپکی مدد کریگا۔ کلیسیائی عمارت کی صفائی سے لے کر اپنے گھر میں پڑوسیوں کے لئے سنڈے سکول کی عبادت کا انتظام کرنے تک کا کام اس میں شامل ہے۔ اپنے پاسٹر سے پوچھیں کہ آپ خداوند کے لئے کیا کام کر سکتے ہیں؟

## کلیسیائی خدمات میں حصہ لینا

کئی کلیسیائی خدمات ہیں۔ سنڈے سکول ہر کسی کیلئے ہے۔ وہاں آپ کلاسوں میں وفادار رکن بن کر کلام خدا کا باضابطہ مطالعہ کر سکتے ہیں۔ اس موقع کو ہاتھ سے نہ جانے دیں۔ مردوں، عورتوں، نوجوانوں اور بچوں کے، جو کام بھی آپ خداوند کے لئے کریں گے وہ ترقی کرنے میں آپکی مدد کریگا۔ کلیسیا کی عمارت کی صفائی سے لے کر گھر میں پڑوسیوں کیلئے سنڈے سکول کی عبادت کا انتظام کرنے تک کا کام اس میں شامل ہے۔ یہی خدمات ہیں۔ اپنی عبادات میں وہ خداوند کی پرستش کرتے ہیں۔ اور اس کیلئے مختلف کام کرتے ہیں۔ ان میں کسی ایک جماعت میں شامل ہوں۔ آپکو پرتپاک خوش آمدید کہا جائیگا اور آپ ان سرگرمیوں سے لطف اندوز ہونگے۔ یہ جماعتیں یا گروہ ضرورت مندوں کے پاس جانے، انہیں تعلیم دینے اور انکی مدد کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ اگرچہ ایک شخص تنہا بہت تھوڑا کام کر سکتا ہے لیکن اپنے فرزندوں کی مشترکہ کوشش سے خدا دنیا میں اپنے مقصد کو آگے بڑھا سکتا ہے۔

## مشق

**15** ذیل میں کئی طریقے پیش کیے گئے ہیں جن سے آپ کلیسیا میں حصہ لے سکتے ہیں ہر اس حرف تہجی کے گرد دائرہ کھینچیں جو آپ کرنا چاہتے ہیں اپنے پاسٹر یا رہنماؤں کو اپنی خدمات پیش کریں۔

الف: ہدیہ اٹھانا یا گننا۔

ب: عبادات کے دوران چھوٹے بچوں کی دیکھ بھال کرنا۔

ج: بیماروں کی عیادت کرنا اور انکے لئے دعا کرنا۔

د: بزرگ لوگوں کی عبادات میں آنے میں مدد کرنا۔

و: ایسے لوگوں سے گفتگو کرنا جن کے پاس ایمان سے متعلق سوالات ہیں۔

ہ: کلیسیائی عمارت اور زمین کی دیکھ بھال کرنا۔

ی: ضرورت مند اراکین کو عملی مدد فراہم کرنا۔

### بہت زیادہ سرگرمیاں؟

اگر آپ ان سرگرمیوں میں اتنا وقت صرف نہیں کر سکتے جتنا لوگ صرف کرتے ہیں تو فکر مند نہ ہوں۔ خداوند ان سب باتوں کو سمجھتا ہے اور جو کچھ آپ کر سکتے ہیں اس میں وہ آپکی مدد کریگا۔

آپ اپنی زندگی کی ان سرگرمیوں سے لطف اندوز ہو سکتے ہیں۔ آپکو اس بات سے تسکین محسوس ہوگی کہ آپ ابدی سزا سے بچنے اور ہمیشہ کی زندگی پانے میں دوسروں کی

مدد کرر ہے ہیں۔ جو کچھ اب آپ خداوند کے لئے کرر ہے ہیں آنے والی زندگی میں آپکو اسکا بھاری انعام ملے گا۔

اب جبکہ آپ پہلے پانچ اسباق مکمل کر چکے ہیں آپ پہلے حصہ کی سٹوڈنٹ رپورٹ حل کرنے کے لئے تیار ہیں۔اسے ۵ اسباق کی دہرائی کریں اور جوابی صفحہ مکمل کرنے کے لئے سٹوڈنٹ رپورٹ پر دی گئی ہدایات کی پیروی کریں۔اسکے بعد جوابی صفحہ پر موجود پتہ پر ارسال کر دیں۔

## سوالات کے جوابات

14 بیان الف میں وجہ بیان کی گئی ہے۔

1 ب: اُن کی بنیادی دلچسپیاں کیا ہیں۔

13 ج: خدا کے جلال کے لئے دل سے گانا۔

4 ج: اپنے آسمانی باپ کے ساتھ وقت گذارنا۔

9 الف، ب، ہ اور یے میں بیان کیا گیا ہے۔ کہ آپ اپنی خاندانی عبادات میں کیا کچھ کر سکتے ہیں؟

7 ج: اسے معاف کریں اور کلیسیا میں حاضر ہونا جاری رکھیں۔

5 الف: دوسروں کونجات کی راہ بتانے کے ذریعہ

8 عبرانیوں۱۰:۲۵

6 د: ''دوسروں کی حوصلہ افزائی کرنا'' یا اس سے ملتا جلتا جواب درست ہے۔

# نوٹس